04-02-2025 TUESDY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

1۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج اسمبلی میں سماجی، اقتصادی، روزگار، تعلیم، سیاسی، اور ذات پات کے سروے 2024 کی رپورٹ پیش کی۔

2۔ ریاستی وزیر برائے ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیئر، پونم پربھاکر نے سروے کو کمزور طبقات کے لیے انصاف کو یقینی بنانے کی جانب ایک تاریخی قدم قرار دیا۔

3۔ بی آر ایس کے کارگزار صدر اور ایم ایل اے کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ کی عوام کا حکومت کی انتظامیہ پر اعتماد ختم ہوگیا ہے۔

4۔ تلنگانہ اسمبلی کے سکریٹری نے آج بھارت راشٹرا سمیتی کے 10 ایم ایل ایز کو نوٹس جاری کیا۔ جو منحرف ہو کر گزشتہ سال حکمراں کانگریس پارٹی میں شامل ہو گئے تھے۔

CASTE SURVEY

وزیر اعلی ریونت ریڈی نے اسمبلی میں سماجی۔ معاشی۔ روزگار۔ ذات پات۔ تعلیمی۔ سیاسی۔ سروے دو ہزار چوبیس کی رپورٹ پیش کی۔ وزیر اعلی نے ایوان میں اپنے بیان میں کہا کہ ملک میں کمزور طبقات سے متعلق قابل اعتبار اعداد و شمار کی کمی نے تحفظات کو نافذ کرنے میں مشکلات پیدا کی ہیں۔ وزیر اعلی نے کانگریس لیڈر راہول گاندھی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بھارت جوڑو یاترا کے دوران ذات پات سے متعلق سروے کرانے کا وعدہ کیا تھا۔ اور اس وعدے کو نبھاتے ہوئے نئی حکومت میں اقتدار میں آنے کے فوری بعد اسمبلی میں قرارداد بھی پاس کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں پسماندہ طبقات کی تعداد 56 فیصد ہے۔ اور یہ سروے ملک کے لئے ایک ماڈل کے طور پر کام کرے گا۔

PONNAM

ریاستی وزیر برائے ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیئر، پونم پربھاکر، سماجی، اقتصادی، روزگار، تعلیم، سیاسی، اور ذات کے سروے 2024 کو سراہتے ہوئے اسے کمزور طبقات کے لیے انصاف کو یقینی بنانے کی جانب ایک تاریخی قدم قرار دیا۔ اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے۔ پربھاکر نے واضح کیا کہ کانگریس حکومت نے اپنا انتخابی وعدہ پورا کیا۔ انہوں نے کہا کہ راہول گاندھی کی بھارت جوڑو یاترا کے موقع پر سروے کا اعلان کیا گیا تھا۔ پونم پربھاکر نے تمام سیاسی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ کمزور طبقات کی امنگوں پر سیاست نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمع کردہ ڈیٹا مستقبل کی پالیسیوں اور پروگراموں کی رہنمائی کرے گا۔

SURVEY CABINET

تلنگانہ کابینہ نے آج سماجی ۔معاشی ۔تعلیمی ۔اقتصادی ۔روزگار ۔اور سیاسی سروے رپورٹ کو منظوری دے دی۔ وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس میں اسے متعارف کروایا۔سروے کی تفصیلات کو پیش کرتے ہوئے وزیر اعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاست میں اے ۔بی ۔سی ۔ڈی ۔اور ۔ای ۔زمروں میں پسماندہ طبقات بشمول مسلمان 56.33 فیصد ہیں۔انہوں نے کہا کہ پسماندہ طبقات کے بی سی زمرے میں پینتیس لاکھ چھہتر ہزار 588 سے زائد مسلمان تھے جو کہ کل آبادی کا 10.08 فیصد ہیں۔ پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں کے علاوہ دیگر افراد کی تعداد ایک کروڑ 64 لاکھ یعنی 46.25 فیصد ہے۔ جبکہ شیڈول کاسٹ کی تعداد 61 لاکھ 84 ہزار یعنی 17.43 فیصد ہے۔ اور 37 لاکھ سے زائد افراد شیڈول ٹرائبس سے تعلق رکھتے ہیں۔ جو کہ 10.45 فیصد ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ 56 لاکھ افراد بشمول مسلمان ۔اوسی ۔یعنی ۔ادر کاسٹ میں شامل ہیں۔ جو کہ 15.79 فیصد ہوتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ سروے 6 نومبر 2024 کو شروع کیا گیا تھا۔ تا کہ ریاست کے عوام کی سماجی ۔ذات پات ۔معاشی ۔تعلیمی ۔اور سیاسی حیثیت کا جائزہ لیا جا سکے۔

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر اور ایم ایل اے کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت پر تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام کا ریاستی حکومت کے انتظامیہ سے اعتماد اٹھ گیا ہے۔اسمبلی میں ذات پات سروے رپورٹ پر بحث کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے راما راؤ نے سروے رپورٹ پر مایوسی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ سب کو اسمبلی کے خصوصی اجلاس اور کابینہ کے اجلاس کے بعد تاریخی اعلانات کی توقع تھی۔ تاہم، انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس رپورٹ میں نئی بصیرت کا فقدان ہے اور یہاں محض وزیر اتم کمار ریڈی کے ذریعہ شیئر کی گئی معلومات کا اعادہ کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بی سی کمیونٹیز کو ٹھوس اقدامات کے نفاذ کی توقع کی تھی لیکن کانگریس حکومت کوئی ٹھوس قدم اٹھانے میں ناکام رہی۔

ADJOURNED

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کا اجلاس آج صبح 11 بجے طلب کیا گیا تھا۔ اجلاس شروع ہونے کے فوراً بعد دو بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔ قانون ساز امور کے وزیر سریدھر بابو نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کی زیر صدارت تلنگانہ کابینہ کے جاری اجلاس کا حوالہ دیتے ہوئے اسپیکر گڈم پرساد سے کارروائی ملتوی کرنے پر زور دیا۔ درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے اسپیکر نے ایوان کی کارروائی دو بجے تک ملتوی کر دی۔ تاہم۔ بھارت راشٹر اسمیتی (بی آر ایس) نے کہا کہ کانگریس حکومت نے نہ صرف تلنگانہ ریاست کو بدنام کیا ہے بلکہ اسمبلی اور کونسل کو بلائے جانے کے دو منٹ کے اندر ملتوی کر کے مقنّنہ کی توہین کی ہے۔ پارٹی کے سینئر لیڈر ٹی ہریش راؤ نے خصوصی اجلاس کے لئے تیاری کے فقدان پر حکومت کا مذاق اڑایا۔

CANCER DAY

آج بین الاقوامی یوم کینسر( کینسرڈے )منایا جارہاہے۔ ہرسال عوام میں کینسر کے بارے میں شعور بیداری اوراس کے تدرات اورمرض کا پتہ لگانے اورعلاج کی حوصلہ افزائی کے لئے چار فروری کو یہ دن منایا جاتا ہے۔ اس سال یونا یئٹڈ بائی یونیک تھیم کے تحت اسے منایا جارہاہے۔ 2025-27 کے دوران اپنی مرضی کے مطابق صحت کی اہمیت اور دیکھ بھال سے متعلق یہ تین سالہ مہم شعوراجاگرکرے گی۔نئی دہلی میں ایمس کے شعبہ آنکالوجی کے پروفیسرڈاکٹرایم ڈی رے۔نے کہا کہ کینسرایک قابل علاج بیماری ہے۔اورلوگوں کوچاہیے کہ اس مرض سے محفوظ رہنے کے لئے باقاعدگی کے ساتھ صحت کامعائنہ کراتے رہے ہیں۔

WAVES

عالمی آڈیو بصری اورتفریحی سمٹ-2025WAVES لائیو براڈ کا سٹنگ میں غلط معلومات سے نمٹنے کے لیے اے آئی پاورڈ سلوشنز کی نقاب کشائی کرے گا۔ الیکٹرانکس اور آئی ٹی کی وزارت نے کہا کہ آنے والا TruthTell Hackathon چیلنج، افتتاحی WAVES کا حصہ،ایک اہم اقدام ہے جولائیونشریات میں بہت ضروری تبدیلی لائے گا۔ہیکاتھون میں 10 لاکھ روپے کاانعامی مقابلہ رکھا گیاہے۔جس میں ڈویلپرز، ڈیٹا سائنسدانوں، اورمیڈیا کے پیشہ ورافراد سے کہا گیاہے کہ وہ حقیقی وقت میں غلط معلومات کا پتہ لگانے اورحقائق کی تصدیق کے لیے اے آئی پرمبنی ٹولز بنائیں۔جیتنے والی ٹیموں کونقد انعامات، رہنمائی کے مواقع،اورمعروف ٹیک پروفیشنلز سے انکیوبیشن سپورٹ ملے گی۔

NOTICES

تلنگانہ اسمبلی سکریٹری نے آج 10 ایم ایل ایز کونوٹس جاری کیا۔ بھارت راشٹراسمیتی ۔ بی ارایس۔ جوایم ایل ایز گزشتہ سال حکمراں کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے تھےانہیں یہ نوٹس جاری کئے گئے تھے۔یہ نوٹس بی آرایس کی درخواستوں پر جاری کیے گئے ہیں جس میں منحرف ہونے والوں کی نااہلی کی درخواست کی گئی ہے۔ممبران اسمبلی نے اسمبلی سکریٹری کی طرف سے بھیجے گئےنوٹس کا جواب دینے کے لیے وقت مانگا ہے۔ یہ پیشرفت دو دن بعد ہوئی جب سپریم کورٹ نے تلنگانہ اسمبلی سے نااہلی کی درخواستوں پر فیصلے کے لیے ایک ۔مناسب مدت۔ کاتعین کرنے کو کہا۔جسٹس بی آر گوائی اورجسٹس ونود چندرن کی بنچ نے سینئرایڈوکیٹ مکل روہتگی (تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کے سکریٹری کی نمائندگی کرتے ہوئے) کوہدایت دی کہ وہ اسپیکر سے مشورہ کریں اوراس کے بارے میں اپنے خیالات پیش کریں کہ مناسب ٹائم فریم کیا ہوگا۔ سپریم کورٹ نے بی آرایس ایم ایل اے کوشک ریڈی کی جانب سے ایم ایل ایز کو نااہل قرار دینے کی درخواست پراگلی سماعت 10 فروری تک ملتوی کردی۔

WHIPS

بھارت راشٹراسمیتی۔بی ارایس۔نے ستیہ وتی راٹھوڈاورکے وی ویویکا نند گوڑکوقانون سازکونسل اوراسمبلی کے لیے بالترتیب پارٹی وہپس کے طور پرتقرر کیاہے۔ پارٹی کے صدراوراسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے چندرشیکھرراؤنے یہ تقررات کئے۔تقرری کے خطوط پارٹی قانون سازوں نے الگ الگ کونسل کے چیئرمین اوراسمبلی اسپیکر کے حوالے کئے۔

CEO

ضلعی سطح کے ماسٹر ٹرینرز ۔ڈی ایل ایم ٹیز۔ ایک روزہ تربیتی پروگرام ۔کا آج مجوزہ میدک - نظام آباد- عادل آباد- کریم نگر گریجویٹس حلقہ ۔۔میدک -نظام آباد- عادل آباد- کریم نگراور ورنگل- کھمم -نلگنڈہ ٹیچرس حلقے ۔اور میدک- نظام آباد- عادل آباد- کریم نگر ٹیچرس حلقہ کے کی تیاری کے لیے کیا گیا تھا۔ یہ انتخابات عنقریب منعقد ہوں گے۔اس ٹریننگ کا مقصد پولنگ اہلکاروں کو ضروری مہارت سے آراستہ کرنا تھا تاکہ انتخابات کے شفاف اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنایا جا سکے۔ٹریننگ سیشن کی قیادت جے چندر ریڈی نے کی ۔انتخابات کے لیے۔آر ڈی او ۔اور ریاستی سطح کا ماسٹر ٹرینرز ۔ایس ایل ایم ٹی ۔تلنگانہ کے چیف الیکٹورل آفیسر ۔سی ای او۔سدرشن ریڈی نے آزادانہ، منصفانہ اور موثر انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے تربیتی پروگراموں کی اہمیت پر روشنی ڈالی ۔

LS- PMEBY

حکومت نے آج لوک سبھا میں دعویٰ کیا کہ پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا کے تحت ملک میں کسانوں کو 1.72 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی حد تک طے کیا گیا ہے۔زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ایک تحریری جواب میں کہا کہ اسکیم کے آغاز سے لے کر اب تک کسانوں سے گزشتہ سال تک تقریباً 32 ہزار کروڑ روپے پریمیم کے طور پر جمع کیے جا چکے ہیں ۔ایک اور تحریری جواب میں، وزیر نے یہ بھی کہا کہ 2024-25 میں اس سال 26 جنوری تک بالترتیب 22 لاکھ اور 76 لاکھ سے زیادہ کسانوں کو گیہوں اور دھان کی خریداری سے فائدہ ہوا ہے۔